ilmkidunya
علم کی دنیا

Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 15 Short Questions Test

Q1. ربا کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: ربا ربو عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی اضافہ بڑھنا پھیلنا یا نشوونما ہوتے ہیں.

Q2. امریکن انسائیکلو پیڈیا میں سود سے کیا مراد ہے.

Ans 1: رقم استعمال کرنے پر جو چارجز دئے جاتے ہیں انہں سود کہا جاتا ہے.

Q3. کس رقم کو سود سمجھا جاتا ہے.

Ans 1: 1- اگر اسے پہلے سے طے شدہ شرح سے معلوم کیا گیا ہو. 2- اس کا ادارے کی سرگرمیوں کی بنیاد پر ہونے والے منافع یا نقصان سے کوئی تعلق نہ ہو.

Q4. ہائر پرچیز سے کیا مراد ہے.

Ans 1: فنانسنگ کے اس طریقے میں بنک اپنے گاہک کی درخواست پر ایک مخصوص شے خرید کر اسے کرایہ پر مدتی قسطوں کی بنیاد پردے دیتا ہے. یہ مدتی قسطیں یعنی ان کی رقم اس طرح معلوم کی جاتی ہیں کہ مکمل رقم کی ادائیگی پر بنک کو شے کی لاگت اور معقول منافع حآصل ہوتا ہے. مکمل رقم کی ادائیگی پر شے کے ملکیتی حقوق گاہک کو منتقل کردئے جاتے ہیں.

Q5. اسلامی ترقیاتی بنک کے دو فرائض بیان کریں.

Ans 1: 1- یہ رکن مسلم ممالک کو مالی امداد اور قرضے فراہم کرتاہے 2- یہ مختلف اسلامی ممالک کے درمیان بیرون تجارت کو فروغ دیتا ہے.

Q6. پاکستان میں سب سے پہلے کب سودی لین دین ختم ہوا.

Ans 1: جولائی 1979 میں پہلی بار آئی سی پی، ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، این ائی ٹی، کے لین دین سے سود کا خاتمہ کیا گیا.

Q7. قرضہ حسنہ کیا ہے.

Ans 1: قرض حسنہ بنکوں کی طرف سےمعاشرے میں ضرورت مند لوگوں کو اپنی مختلف ضرورتوں کو مثلا شادی ، تعلیم ، اور صحت کے مسائل حل کرنے کے لیے بغیر سود کے دیا جاتا ہے اس قرضے میں صرف اصل رقم ہی مقروض سے ایک مقررہ مدت کے بعد وصول کی جاتی ہے. اگر وہ اس کی ادائیگی کی استطاعت رکھتا ہے.

Q8. پاکستان میں کب نفع و نقصان میں شرکت کی بنیاد پر کھاتہ جات کا آغاز ہوا.

Ans 1: جنوری 1981 سے تجارتی بنکوں میں نفع و نقصان کے بچت اور مدتی کھاتوں کو عام بچت اور مدتی کھاتوں کی جگہ متعارف کروایا گیا.

Q9. اسلامی نظریاتی کونسل نے غیر سودی بنکاری کے کون سے طریقے بتائے.

Ans 1: سروس چارجز - پٹہ واری - ہرئی پرچیز - خصوصی خدمات یا سہولیات

Q10. برطانوی انسائیکلوپیڈیا میں سود سے کیا مرادہے.

Ans 1: ادھار رقم استعمال کرنے پر جو قیمت ادا کی جاتی ہے وہ سود کہلاتی ہے.